**Series : RKM/1**

Code No. **48/1/1**

Roll No. | | | | | | | |

Candidates must write the Code on the title page of the answer-book.

- Please check that this question paper contains **5** printed pages + **3** Maps.
- Code number given on the right hand side of the question paper should be written on the title page of the answer-book by the candidate.
- Please check that this question paper contains **24** questions.
- **Please write down the Serial Number of the question before attempting it.**

# SOCIAL SCIENCE

## سوشل سائنس

**(Urdu Version)**

*Time allowed : 3 Hours]* *[Maximum marks : 80*

مقرّرہ وقت : 3 گھنٹے کُل نمبر : 80

عام ہدایات :-

(i) دو نمبروں کے سوال کا جواب 30 الفاظ سے زائد نہیں ہونا چاہئے۔

(ii) چار نمبروں کے سوال کا جواب 60 - 80 الفاظ سے زائد نہیں ہونا چاہئے۔

(iii) چھ نمبروں کے سوال کا جواب 100 - 125 الفاظ سے زائد نہیں ہونا چاہئے۔

(iv) ہر پرچے کے ساتھ دیے گئے نقشوں کو اپنی جواب کاپی کے بیچ میں مضبوطی سے باندھئے۔

(v) ایک سوال کے تمام حِصّوں کے جواب ساتھ ساتھ دیجئے۔

(vi) خاکہ کھینچنے کے لئے حسبِ ضرورت اِسٹینسل یا ٹیم پلیٹ کا اِستعمال کیاجاسکتا ہے۔

.1 ''معاشی ترقی'' اصطلاح کے معنی سمجھایئے۔ کسی ملک کی معاشی ترقی کو ناپنے کے دو بنیادی عناصر بیان کیجئے۔ $1 + 1 = 2$

.2 معذور افراد (اپاہج) کسے کہتے ہیں؟ دوقسم کی معذوری کی ایک ایک مثال دیجئے۔ $1 + 1 = 2$

.3 ''سنامی'' کے چار واقع (Facts) بیان کیجئے۔ $4 \times \frac{1}{2} = 2$

.4 اٹھارویں صدی میں برٹش حکومت کے زمانے میں ہندوستانی صنعتیں اور تجارت کس طرح تباہ ہوگئیں؟ وضاحت کیجئے۔ 2

5. ہڑپہ تہذیب کی کوئی دو اہم خصوصیات بیان کیجئے۔ $2 \times 1 = 2$

6. گولڈن چار ضلعی ایکسپریس قومی شاہراہ کے شمالی، مشرقی، جنوبی اور مغربی آخری اسٹیشنوں کے نام بتائیے۔ $4 \times \frac{1}{2} = 2$

7. عوامی ترسیل کے ذرائع کس طرح لوگوں میں بیداری پیدا کرنے میں اہم رول ادا کرتے ہیں؟ وضاحت کیجئے۔ 2

8. نیچے دی گئی سماجی رہنما کی تصویر کو پہچانئے اور ان کا نام لکھئے۔ ان کی کوئی دو خدمات بھی بیان کیجئے۔ $1 + 1 = 2$



نوٹ : صرف نابینا طلباء کے لئے سوال نمبر 8 کے بجائے۔

ہندوستانی سماج کے سدھار میں ایشور چندر ودیا ساگر کی کوئی دو خدمات بیان کیجئے۔ $2 \times 1 = 2$

9. ''ہندوستان کئی زبانوں (Multilingual) کا ملک ہے۔'' دو دلائل دے کر اس قول کی وضاحت کیجئے۔ $2 \times 1 = 2$

10. ''کنویں اور ٹیوب ویل ہندوستان کے شمالی میدانوں میں آب پاشی کے سب سے خاص ذرائع ہیں'' دو دلائل دے کر اس قول کی وضاحت کیجئے۔ $2 \times 1 = 2$

11. ''ہیلتھ سیکٹر کا انسانی ترقی میں بہت زیادہ اہم رول ہے۔'' دو دلائل دے کر اس قول کی وضاحت کیجئے۔ $2 \times 1 = 2$

12. ساحلی علاقوں میں عمارت بنانے کے لئے جگہ کا انتخاب کرتے وقت کن دو خاص باتوں کا خیال رکھنا ضروری ہے سمجھائیے۔ $2 \times 1 = 2$

.13 گزر بسر کھیتی (Subsistence farming) کی کوئی چار خصوصیات بیان کیجئے۔ 4 × 1 = 4

یا

آزادی کے بعد ہندوستان کی زراعت کی ترقی کے لئے سرکار نے جو قدم اٹھائے ہیں ان میں سے کوئی چار بیان کیجئے۔ 4 × 1 = 4

.14 ہندوستان میں سوتی کپڑے کی صنعت کے سامنے آنے والے کوئی چار بڑے مسائل بیان کیجئے۔ 4 × 1 = 4

.15 ملک میں غریبوں کی تعداد کا پتہ لگانے کے لئے دو مختلف طریقے بیان کیجئے۔ 2 + 2 = 4

.16 ''1857 کی بغاوت سے ہندوستان کی تاریخ میں ایک نیا موڑ آیا۔'' چار دلائل دیتے ہوئے اس قول کی وضاحت کیجئے۔ 4 × 1 = 4

یا

مسلم لیگ کب قائم ہوئی ؟ اس کے تین خاص مقاصد بیان کیجئے۔ 1 + 3 = 4

.17 ''ہندوستان میں کوئلہ توانائی کا خاص ذریعہ ہونے کے ساتھ ساتھ صنعتوں کے لئے کچا مال بھی ہے۔'' ہر ایک کے دو دو دلائل دے کر اس قول کی وضاحت کیجئے۔ 2 + 2 = 4

.18 فرقہ پرستی ہماری قومی ایکتا (قومی اتحاد) کے لئے کس طرح خطرہ بنی ہوئی ہے؟ وضاحت کیجئے۔ 4

.19 ''ویٹو'' اصطلاح کا مطلب بیان کیجئے۔ ''ویٹو پاور'' کا استعمال کرنے والے کسی چار ملکوں کے نام بتایئے۔ 2 + 2 = 4

.20 مختلف سطحوں پر آفت/سانحہ کو کس طرح قابو میں کیا جاتا ہے ؟ کسی چار سطحوں سے ایک ایک مثال دے کر واضح کیجئے۔ 4 × 1 = 4

یا

کھوج اور بچاؤ ٹیم (Search and Rescue team) کے کوئی چار مقاصد بیان کیجئے۔ 4 × 1 = 4

.21 انڈین نیشنل کانگریس کب قائم ہوئی ؟ اس کو قائم کرنے میں کس نے سب سے زیادہ اہم رول ادا کیا ؟ کانگریس کے خاص مقاصد بیان کیجئے۔ **1 + 1 + 4 = 6**

**یا**

ہندوستان میں انتہا پسندی (extremism) کے عروج کے ذمہ دار کوئی چھ عوامل بیان کیجئے۔ **6 × 1 = 6**

.22 وسائل کا تحفظ کیوں ضروری ہے؟ وسائل کے تحفظ کے کوئی تین حل بیان کیجئے۔ **3 + 3 = 6**

**یا**

''ہندوستان میں پانی بہت اہم اور نہایت ضروری وسیلہ ہے'' ہر ایک کے تین تین نکات پیش کرتے ہوئے اس قول کی وضاحت کیجئے۔ **3 + 3 = 6**

.23 کسی معشیت میں تجارتی سرگرمیوں کی توسیع (ترقی) کے اثرات موزوں مثالوں کے ذریعے بیان کیجئے۔ **6**

**یا**

صارفین کی بیداری کیوں ضروری ہے ؟ صارفین کے حقوق کے تحفظ کے لئے اپنائے گئے کوئی چار اقدام بیان کیجئے۔ **2 + 4 = 6**

.24 (a) (i) ہندوستان کے دئے گئے سیاسی نقشے (24 a) میں ایک جگہ نمبر 1 دکھایا گیا ہے۔ جہاں 1907 میں کانگریس تقسیم ہوئی۔ اس جگہ کو پہچانئے اور اس جگہ کا صحیح نام نقشے میں دی گئی لائین پر لکھئے۔

(ii) اسی نقشے پر اس ریاست کا نام لکھئے جہاں جلیاں والا باغ کا حادثہ ہوا تھا۔ **1 + 1 = 2**

(b) ہندوستان کے دئے گئے سیاسی نقشے (24 b) پر چار جغرافیائی خصوصیات A، B، C اور D دکھائی گئی ہیں۔ نقشے میں

دی گئی کنجی کی مدد سے ان خصوصیات کو پہچانئے اور ان کے صحیح نام نقشے پر کھینچی گئی ہر ایک لائین کے آگے لکھئے : **4 × 1 = 4**

**یا**

ہندوستان کے سیاسی نقشے (OR 24 b) میں درج ذیل تلاش کیجئے۔ اور ان کے نام لکھئے : $4 \times 1 = 4$

(i) کانپور - سوتی کپڑے کا مرکز

(ii) کیگا - نیوکلیائی پاور پلانٹ

(iii) ہلدیہ - تیل صاف کرنے کا کارخانہ

(iv) کاندلہ - بندرگاہ

نوٹ : صرف **نابینا طلباء** کے لئے سوال نمبر 24 (a) اور (b) کے بجائے : $6 \times 1 = 6$

(i) جلیاں والا باغ کا حادثہ کس ریاست میں ہوا تھا ؟

(ii) اس جگہ کا نام بتایئے جہاں 1907 میں کانگریس تقسیم ہوئی تھی۔

(iii) قہوے کی پیداوار کا سب سے اہم صوبہ کون سا ہے ؟

(iv) 'مشرق مغرب گلیارے' کا آخری مشرقی اسٹیشن کون سا ہے ؟

(v) گجرات صوبے میں قائم بین الاقوامی ہوائی اڈے کا نام بتایئے۔


(vi) اتر پردیش میں واقع سافٹ ویر ٹکنالوجی پارک کا نام بتایئے۔

---

**Q. No. 24 (a)**

**प्र. सं. 24 (अ)**


यहाँ से काटिए ---------- Cut Here ---------- यहाँ से काटिए ---------- Cut Here ---------- यहाँ से काटिए



**Q. No. 24 (b)**

**प्र. सं. 24 (ब)**

यहाँ से काटिए ---------- Cut Here ---------- यहाँ से काटिए ---------- Cut Here ---------- यहाँ से काटिए



**OR / अथवा**

**Q. No. 24 (b)**

**प्र. सं. 24 (ब)**

यहाँ से काटिए ---------- Cut Here ---------- यहाँ से काटिए ---------- Cut Here ---------- यहाँ से काटिए

